پی سی بی کا بارہ سال سے کم عمر بچوں کی ٹکٹ ری فنڈ کرنے کا اعلان

کراچی، 28 جنوری 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 7 کے لیے خریدیے گئے بارہ سال سے کم عمر بچوں کے ٹکٹوں کو ری فنڈ کرنے کا اعلان کیا ہے۔

10 جنوری کو کیے گئے این سی او سی کے فیصلے کے مطابق صرف 25 فیصد تماشائیوں کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت ہے۔ اس فیصلے کی روشنی میں بارہ سال سے کم عمر بچوں کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے کراچی میں کھیلے جانے والے پہلے مرحلے کے لیے اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت نہیں ہے۔

اس سے قبل این سی او سی نے لیگ کے ساتویں ایڈیشن کے لیے 100 فیصد تماشائیوں کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت دے رکھی تھی، جس کی بنیاد پر پی سی بی نے 7 جنوری کو تمام عمر کے افراد کے لیے ٹکٹوں کی فروخت کا آغاز کیا تھا۔

ری فنڈ پالیسی:

- بارہ سال سے کم عمر بچوں کے لیے خریدے گئے ٹکٹ مکمل ری فنڈ کیے جائیں گے
- ٹکٹوں کے ری فنڈ کی اس سہولت سے 30 جنوری بروز اتوار کی رات بارہ بجے تک فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4